# SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

*Friday, March 28, 2003*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at forty three minutes past ten in the morning with Mr. Chairman (Mr. Mohammedmian Soomro) in the Chair.

----------------------

*Recitation from the Holy Quran*

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ستجدون اخرین یریدون ان یامنوکم ویامنوا قومھم۔ کلما ردوا الی الفتنۃ ارکسوا فیہا فان لم یعتزلوکم ویلقوا الیکم السلم و یکفوا اید یھم فخذوھم و اقتلو ھم حیث ثقفتموھم۔ و اولئکم جعلنا لکم علیھم سلطناً مبیناً۔

ترجمہ: تم کچھ اور لوگ ایسے بھی پاؤ گے جو یہ چاہتے ہیں کہ تم سے بھی امن میں رہیں اور اپنی قوم سے بھی امن میں رہیں لیکن جب فتنہ انگیزی کی طرف بلائے جائیں تو اس میں اوندھے منہ گر پڑیں تو ایسے لوگ اگر تم سے (لڑنے سے) کنارہ کشی نہ کریں اور نہ تمہاری طرف پیغام صلح بھیجیں اور نہ اپنے ہاتھوں کو روکیں تو ان کو پکڑ لو اور جہاں پاؤ قتل کر دو۔ ان

لوگوں کے مقابلے میں ہم نے تمہارے لئے صریح سند مقرر کر دی ہے۔

(النساء: ۹۱)

**Mr. Chairman**: Babar Khan Ghauri.

جناب بابر خان غوری: شکریہ جناب چیئرمین۔ میں آپ سے اجازت چاہوں گا کہ اس ہاؤس کے سابق سینیٹر عبدالنبی جمالی صاحب جو کل انتقال کر گئے ہیں جو ہمارے پرائم منسٹر کے کزن ہیں ان کے لئے بھی فاتحہ خوانی کریں۔

جناب چیئرمین: دعا کر لیں ان کے لئے۔

(فاتحہ خوانی کی گئی)

POINT OF ORDER: RE. THE SEATING ARRANGEMENT IN THE HOUSE

جناب چیئرمین: جی رضا ربانی صاحب۔

**Mian Raza Rabbani**: Thank you sir. Sir, there are two or three procedural issues that I would like to raise. The first being the Order of the Day that has been issued today. It had been decided that this session would be devoted only to the discussion on the situation in Iraq but at item No 2 of the Order of the Day there are three Ordinances that are to be laid. I don't think that was discussed yesterday and, therefore, I would request you that in the light of yesterday's agreement we straight away go to the discussion on the motion which is item No. 3. Sir, the other point that I would like to raise with you is that there seems to be some misunderstanding again on the question of the speakers to be allowed viz-a -viz the debate on Iraq. Yesterday what happened was that there was a list of six speakers which was given from the combined opposition but

that list of six speakers was confined to the point of raising Points of Order viz-a-viz the L.F.O. As far as the debate on the Iraq situation is concerned every honourable member whether he is from the treasury benches or he is from the opposition benches, it is his right under the rules to be allowed to express his point of view on that situation. therefore . I think if you could clarify that because the podium below you is giving an impression that there is a restrictive list and that only those speakers whose name appears on that list will be allowed to speak.

Mr. Chairman: I don't think that's the point. Some people have expressed. their names are recorded here. that is a list we are following. and it is open to every honourable member. There is no restriction on that. If you all agree to put a time constraint for that. but. otherwise, everybody is welcome and I don't think there is any list. This list was done yesterday, followed through and there is no such restriction anymore.

Mian Raza Rabbani: Sir, the other point I would like to again bring to your notice is that under the Rules of Procedure of Senate, the first session and the session which entails the election to the Chairman and Deputy Chairman, There the seating is according to the alphabetical order but subsequent session of the Senate should have seating according to the treasury and the opposition benches. Therefore, I would request you that either during the course of this session but most certainly in the next session the seating should be on the basis of the treasury benches and the opposition benches as has been the normal

tradition in Parliament and particularly, of this House.

**Mr. Chairman**: We will do it. I think, it may not be possible right away administratively in this session but certainly from the next session.

**Mian Raza Rabbani**: I would also add Sir. I am not through Sir, if I could just have one more minute, then Bhinder Sahib. Sir the other thing is that it is most unfortunate that today in the National Press and I am just making a point, we have no intention of making it a debate, because we are already seized with the motion on Iraq. But it is most unfortunate that today when the Senate is in session there should be a statement which is attributed to General Musharraf and there is a clear cut statement of the Attorney General of Pakistan that the LFO is a part and parcel of the Constitution and that the country will plunge into chaos if the LFO is not allowed to be a part and parcel of the Constitution. I think this is most unfortunate. It has been done by the Attorney General with a particular sinister motive of trying to derail the debate on the Iraq situation. The position of the Combined Opposition is still that the LFO is not a part of the Constitution. The Supreme Court could not have given the powers to the Chief Executive to amend the Constitution arbitrarily and that position we maintain and we want to record a protest on the statement. Thank you Sir.

**Mr. Chairman**: Yes, Mr. Bhinder.

**Ch. Muhammad Anwar Bhinder**: Mr. Chairman Sir, I would

like to say something about the point of order which has been raised by my learned brother Mr. Raza Rabbani about seating in the parliament. Ordinarily, the procedure is that when the Leader of the House is nominated, he intimates to the Senate Secretariat the numbers, the strength and the seating arrangement, which he wants to be for his party. When the Leader of the Opposition is elected, he intimates to the Senate Secretariat, according to the precedence, according to which he wants that his party should sit in the Senate. I would very humbly submit that both the leaders, Leader of the House and the Leader of the Opposition should intimate the Senate Secretariat so that the seats may be allocated in accordance with the wishes of the Leader of the House and the Leader of the Opposition

**Mr. Chairman:** I said. That is for the next session because the details have yet to come. Mr. Wasim Sajjad. He was saying something.

**Mr. Wasim Sajjad:** As Mr. Bhinder has said Sir, I think it is common.

**Mr. Chairman:** Mr. Asfandyar Wali:

**Mr. Asfandyar Wali:** Mr. Chairman, I thought that my learned friend Mr. Bhinder got up that he would at least move as per agreement yesterday with them that he would move for relexation but he did not. I request the honourable Leader of the House that there was the agreement that had taken place, there would be no government business and we would just confine to Iraq so if we go please.

**Mr. Chairman:** That is decided that we will continue the debate Mr. Nisar Memon.

**Mr. Nisar Ahmad Memon:** The Session was called at 10'O, clock in the morning. People arrived here and then the session started 45 minutes late. I believe that this is very important that the exchequer money, the money of the tax payers, the time of the people and of the highest body, constitutional body of Pakistan must be taken care of and we must conform to the timing as set forth by the Chair, as announced by your Secretariat. I would also like to submit to you Mr. Chairman, that the number of hours for a session that is in place in a day must be maximised so that the maximum time of the legislators could be availed. In addition to that the maximum number of days of a session should also be availed so that the travel cost that is paid by the tax payers is minimised. With these words I would like to request that there should be some ruling on that. Thank you.

**Mr. Amanullah Kunrani:** Yesterday, Mr. Sana Baloch drew your attention towards the attitude of the Pakistan Television, that one of the largest federating unit of Pakistan, Balochistan, is being deprived of its right. That no name of any member from Balochistan is mentioned as to what the member of the Senate has said, in the PTV news. It means none of the Balochistan member has spoken on the issue of LFO. While two of us have spoken on the LFO issue. But not a single word has been mentioned in the PTV news, " Khabarnama" Sir. Therefore, I request again

your lordship and other members of the House to kindly take note of it that PTV is going to subvert our proceedings.

**Mr. Chairman:** Don't worry. The minister was here, he has mentioned and he will mention again and it will be covered.

**جناب امان اللہ کنرانی:** جناب کل بھی انہوں نے یقین دہانی کرائی تھی اور آج اس کے الٹ ہو گیا ہے کہ بلوچستان کا نام ہی نہیں آیا ہے، ایسے معلوم ہوتا ہے کہ کسی نے یہاں بولا بھی ہے یا نہیں ۔اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم نے L.F.O کے issue کو concede کیا ہوا ہے۔ وہاں ہماری باز پرس ہوتی ہے جناب ۔ یا تو کسی کا بھی یہ T.V پر نہ دکھائیں ۔ کسی کا ذکر ہی نہ کریں کہ کسی نے نہیں بولا ہے ۔سب خاموش تھے۔ پھر تو ٹھیک ہے ۔ لیکن باقیوں کو دکھائیں اور بلوچستان کے ممبروں کو نہ دکھائیں ۔ Baluchistan is the richest province of Pakistan ۔ وہ بحث جب اپنی جگہ پر آئے گی تو آئے گی ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ اب بلوچستان پسماندہ نہیں ہے ۔اس کو اس سطح تک نہ لے جائیں کہ وہ اپنے حق کے بارے میں بات نہ کر سکے۔ یہ سینٹ ہے ۔ یہاں برابری کی بنیاد پر بات ہے ۔ یہ نیشنل اسمبلی نہیں ہے ۔ یہ سینٹ ہے ۔ جب یہاں ہمارے ممبرز برابر ہیں تو rights بھی برابر ہیں ۔

**جناب چیئرمین:** بالکل صحیح ہے ۔

**جناب امان اللہ کنرانی:** یہاں پر mention ہی نہیں کیا جا رہا ہے Upper House میں یہ پوزیشن ہے ۔ Lower House میں جو کچھ ہو رہا ہے ۔ اس کا سب کو پتہ ہے ۔ bulldoze کیا جاتا ہے اکثریت کے نام پر ۔ یہاں پر آئین میں جو برابری کا right دیا گیا ہے اس right کو تو کم ازکم برابری کی بنیاد پر استعمال کیا جائے ۔ کل بھی اس بارے میں attention draw کی گئی تھی اور اس کا الٹ اثر ہوا اور آج پھر یہ سب کچھ ہو رہا ہے ۔نہ نام آتا ہے اور نہ ہی ذکر ہوتا ہے کہ بلوچستان کا کوئی ممبر بولا ہے اور نہ ہی اس کی تصویر آتی ہے ۔ ہمیں شوق نہیں ہے لیکن ہم اپنے حق پر compromise نہیں کریں گے۔

**جناب چیئرمین:** اس کا کچھ کریں گے۔

But going back to Mr. Memon . On the administrative side, yes, we need to be conscious, particular and, of course, economy minded. Timing, as upto the members, as soon as . the quorum is there, we can start the House and we can not start till the quorum is there. So, we request to all that you must convene at the designated time. So that we can start straightaway and that is a good suggestion.

**Mr. Ilyas Ahmed Bilour:** Point of order.

**Ch. Muhammad Anwar Bhinder:** Sir, the quorum is always determined inside the House, when somebody points out the quorum. Nobody pointed out the quorum to you in your office, in the Senate Secretariat I would suggest that you should come at the appointed hour. If anybody points out that there is no quorum, then there should be is a count. So that we can start the meeting at the scheduled time.

**Mr. Wasim Sajjad:** Sir, We should discuss Iraq situation. Iraq situation is very serious situation , with serious consequences for this region , for the world and I would request the honourable members now to proceed with the Iraq debate. These points of order can be taken at some appropriate time. So, I request to your honour to kindly start the debate, so that people can speak and they want to speak on this issue. This is the burning issue of the day.

**Mr. Ilyas Ahmad Bilour:** Point of order. The Pakistan Television is always covering their own people, being a Government Television. But I will request to hour honour, you being Chairman, you

also allow GEO here. If Pakistan Television is allowed, then why GEO is not allowed. The GEO will cover the opposition also.

**Mr. Chairman:** We will look it also.

**Mr. Ilyas Ahmad Bilour:** Please, I will appreciate it that everybody should be allowed. This is not the way that PTV is government TV. They want to give the coverage to their own government people. Why not the Opposition? We people, are also members of the House. Very rightly, my friend from Balochistan, pointed out. So, I will request your honour that allow the GEO.

**Mr. Chairman:** Mr. Ranjha Sahab.

**Dr. Khalid Ranjha:** Sir, Mr. Raza Rabbani, took strong exception to the statement of the Attorney General appeared in the press today. I would like to inform him that this issue is being debated on the floor of the High Court. A full bench has been set up in the Hight Court to examine the vires of the Legal Frame work Order and in that case the Hight Court itself had summoned the Attorney General to give his point of view. It was the point of view given in the court which has been reported in the press. And, therefore, I think, one should not take exceptions to that over here.

جناب ثناء اللہ بلوچ: پوائنٹ آف آرڈر۔

**Mr. Chairman:** I think let us go on with the debate. We have this thing later. You will come to it. Mr. Sanaullah Baloch is the first speaker for today if he can go on with it....

جناب اسفند یار ولی : اگر آپ مجھے ایک منٹ دے دیں۔ ثنا صاحب ' اگر آپ مجھے ایک منٹ دے دیں ۔

جناب چیئرمین:جی۔

جناب اسفند یار ولی: جناب والا! آدھے کا جواب تو انہوں نے دے دیا ہے اور آدھے کا جواب ہی انہوں نے نہیں دیا ہے ۔ میں تو نثار میمن صاحب کا مشکور ہوں کہ کم ازکم آج انہوں نے اتنا تو کہہ دیا ہے کہ -- This is the Constitution making body. Is it ?. پوچھنا میں نے یہ ہے کہ پاکستان میں تو اب یہ روایت چل پڑی ہے کہ Constitution making body ہمارے قریب ہی بیٹھی ہے ۔

It is being discussed everywhere and on the floor of the Houses of Parliament. This friend of mine is a very learned man, I have heard you as a very learned expert, Constitutional expert. Now why can't it be discussed on the floor of the National Assembly and on the floor of the Senate? Why should it be discussed in the High Court and Supreme Court of Pakistan?

Mr. Chairman: When the time comes whatever is to be discussed, it will be discussed

ایک منٹ ثناء اللہ صاحب پہلے میمن صاحب کو بول لینے دیں' آپ نے تو ویسے بھی تقریر کرنی ہے۔ We will come to you after this.

Mr. Nisar Ahmad Memon: Thank you Mr. Chairman. I am delighted that you observed that I talked about the highest body where we have to perform according to the Constitution and let me remind to the honourable member that the Constitution making could not have taken place at the time when this body was not in session. So we are talking of

the time when this has come into existence now When you and I, we all have become the members, we are talking of the Constitution from that onward. Earlier ,, the law of the land was very much made clear by the Supreme Court Judgement wherein, it has clearly allowed the President Musharraf ,, the then General Musharraf, that he could amend the Constitution to achieve the objectives of the change of 12th October, 1999. Thank you.

**Mr. Chairman:** I think let us continue. This issue will come up later Let us continue with the business of today Please bear with me Please bear with me, because then we will not be able to proceed with what you all want to proceed with. That is what you have yourself suggested. Please go ahead with these.

آپ آگے چلیں ناں۔ آپ لوگ اپنے main issue پر رہیں۔

**جناب ثناء اللہ بلوچ:** جناب آپ ایک دو point of order لے لیں، پھر اس کے بعد اس کو continue کرتے ہیں۔

**جناب چیئرمین:** کتنے point of order لے چکے ہیں۔ ایسے تو پھر چلتا رہے گا۔ Let us go on with the business of the day. Mr. Sanaullah Baloch آپ اپنی تقریر شروع کریں۔

**جناب ثناء اللہ بلوچ:** شکریہ جناب۔ میں عراق کے مسئلے پر اپنی تقریر کروں گا لیکن first of all I have a point of order......

**جناب چیئرمین:** نہیں نہیں، اب آپ عراق پر آجائیں۔ پھر وہی سلسلہ چلتا رہے گا۔ پہلے ہی وقت بہت کم ہے۔ جمعہ بھی ہے۔

DISCUSSION ABOUT WAR ON IRAQ

جناب ثناء اللہ بلوچ: جناب اگر ہمیں یہاں پر صرف تقریر کرنی ہوتی تو ہم اپنے کسی شہر کے چوراہے پر کھڑے ہو کر اپنے دل کی بھڑاس نکال سکتے تھے۔

جناب چیئرمین: نہیں، بھئی۔ آپ ہی نے ایک point دیا ہے جس پر آپ تقریر کرنا چاہتے ہیں۔

جناب ثناء اللہ بلوچ: جناب ہم اس ایوان میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ یہ federalism کی بنیاد ہے یہ federalism کی روح ہے۔

جناب چیئرمین: یہ سب کو پتا ہے ثناء اللہ صاحب۔ میں جو عرض کر رہا ہوں کہ آپ نے جو issue decide کیا ہے کہ question hour کو بھی dispense کریں۔

جناب ثناء اللہ بلوچ: جناب اگر سب کو پتا ہوتا تو ایک حاضر سروس جنرل جو فیڈرل ازم کے norms سے، فیڈرل ازم کی اخلاقیات سے واقفیت نہیں رکھتا۔ جب انڈیا بیان دیتا ہے تو وہ اس کے جواب میں بیان دے دیتا ہے۔ سینیٹ پاکستان کو شائستگی کی طرف، آئین کی طرف، اخلاقیات کی طرف، وفاقیت کی روح کی طرف بڑھانا چاہتا ہے۔ لیکن اگلے دن بیان آ جاتا ہے کہ LFO is a part of the Constitution and National Security Council is a part of the Constitution اور یہ سپریم باڈی ہے اور یہ قوموں کو گھسیٹ رہے ہیں یہ قوموں کو لے جانے اور کھینچنے کے لیے بنائے گئے ہیں۔ جناب والا یہ فیڈرل ازم کے روح کے منافی ہے۔ ایک شخص چار جگہ سے تنخواہ لیتا ہے وہ اسی آئین کے تحت کام کر رہا ہے اور وہ آ کر ایک سپریم باڈی کو ایک آئین دیتا ہے۔ جناب والا، یہی بش کر رہا ہے۔ ساری دنیا کو کہہ رہا ہے کہ میں امن دوں گا اور دوسری طرف سے جنگ دے رہا ہے۔ یہ کہہ رہا ہے کہ میں آپ کو آئین دے رہا ہوں اور آئین کو پامال کر رہے ہیں، قانون کو پامال کر رہے ہیں۔ تو جناب والا! ایسے ایوان میں ہماری تقاریر بے معنی ہو کر رہ جاتی ہیں جہاں پر ہماری اپنی آئینی حیثیت اور اس کی جو eligibility اور اس کی legitimacy خود controversial ہے۔ وہ خود questioning ہے۔ کہ آیا ہم یہاں پر آئین کی تشریح کے لیے، آئین بنانے کے لیے بیٹھے ہوئے ہیں یا ہم کسی ایک حاضر سروس جنرل کی خواہش پوری کر رہے ہیں جو ۲۲ ہزار روپے تنخواہ لے رہے ہیں

اور وہ ہمیں کہتا ہے کہ یہ ملک میری خواہش کے مطابق چلے گا ، جناب، یہ ایک کثیر الاقوامی ریاست ہے یہاں پر فیڈرل ازم کی رسم قائم ہے، رواج قائم ہیں۔۱۹۷۳ء کا آئین اس کی ضمانت دیتا ہے ۔اگر آج جنرل مشرف صاحب سب کو کھینچ کر چلانا چاہتا ہے ۔ چلا لے۔ یہی ہو گا جو اس وقت عراق میں ہو رہا ہے ۔ یہی یوگوسلاویہ میں ہوا ۔ سربوں نے سب کو کھینچنے کی کوشش کی اور آج یوگوسلاویہ کتنے ٹکڑے ہوا ، جناب والا ہم محکوم لوگ، ہم محروم لوگ ، ہم چھوٹے صوبوں کے لوگ ، ہم کسی کے ملازم تو نہیں ہیں۔اس وفاقیت میں ہماری کوئی عزت ہونی چاہیئے ہماری کوئی حیثیت ہونی چاہیئے ۔آئین کے تحت ہمارا ایک مقام ہونا چاہیئے ۔یہ نہیں کہ جس کے ہاتھ میں لاٹھی ہے ۔وہ اپنی مرضی سے سب چیزوں کو چلانے کی کوشش کرے ۔ اگر اس طرح اس ملک کو چلانے کی کوشش کی جائے ۔ تو جناب والا، میرے خیال میں عراق میں پھر بھی کم ہوا ہے ۔ شاید ہماری تقدیر اور مقدر میں اس سے بھی زیادہ آ جائے گا۔جناب والا ! اس کے بعد میں باقاعدہ تقریر کا آغاز کروں گا جو عراق کے حوالے سے ہے ۔سب سے پہلے تو میں جناب والا، آپ کا مشکور ہوں اور آپ کی صلاحیتوں کا معترف ہوں کہ جس فہم و فراست سے کل آپ نے سینیٹ کا اجلاس چلایا اور اس کو ممکن بنایا کہ اپوزیشن اور حکومتی ارکان دونوں اس عالمی صورت حال میں جو تبدیلی رونما ہو رہی ہے ۔اس کے تناظر میں، پاکستان کی خارجہ پالیسی ، داخلی پالیسی اور خطے کی پالیسیوں پر اپنا اظہار خیال کریں ۔

جناب والا ! ہم یہ بھی امید رکھتے ہیں کہ آگے چل کر بھی آپ اسی فہم و فراست کا مظاہرہ کرتے ہوئے، اسی غیر جانبداری کا مظاہرہ کرتے ہوئے، اس مقدس ایوان کو، جو وفاقیت کا ایک منبع ہے، اس کو بڑی شائستگی سے اور مہذب انداز سے چلانے کی کوشش کریں گے ۔

جناب والا ! میں ایک ، لبرل اور نیشنلسٹ ہونے کی وجہ سے عراق کے مسئلے پر اپنے باقی دوستوں سے، جنہوں نے یہاں پر تقاریر کیں ، اظہار خیال کیا ، ان سے قدرے مختلف رائے رکھتا ہوں ۔ آج عراق میں ، صدام کی صدامیت کی وجہ سے، پوری دنیا کو یہ موقع مل گیا کہ انہوں نے نہ صرف مڈل ایسٹ کو اپنے کنٹرول میں لے لیا ہے بلکہ وہ پورا اسلامی خطہ آج خطرات سے دوچار ہے ۔ آج مغرب میں عیسائی بھی آرام اور سکون کی نیند نہیں سو رہے ۔ آج یہودیوں کو بھی آرام اور سکون کا خواب میسر نہیں ۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ دنیا کے اندر، جہاں بھی

جناب والا ، آئین پامال کئے جاتے ہیں ، جہاں قانون پامال کئے جاتے ہیں ، جہاں انسانیت کی تذلیل ہوتی ہے ، جہاں محروم اور چھوٹی قوموں کے حقوق سے انکار کیا جاتا ہے ، وہاں پر جناب والا ، سربیا کے واقعات ہو جاتے ہیں ، یوگوسلاویہ کے واقعات ہو جاتے ہیں ، عراق والے حادثات ہوتے ہیں ، چیچنیا جیسے حالات پیدا ہو جاتے ہیں اور دنیا میں تباہی اور بربادی ان قوموں کا مقدر بن جاتی ہے۔ ہم آج یہ نہیں کہتے کہ ہری وردی میں بیٹھا ہوا صدام کوئی ہیرو ہے ۔ صدام نے بش سے زیادہ ظلم کئے۔ بش کے ہاتھوں آج صرف میرے خیال سے چار یا پانچ سو عراقی قتل ہوئے ہیں لیکن صدام نے اپنے عرب شاؤنزم میں آکر وہاں کے مظلوم کردوں سے کیا رویہ اپنائے رکھا ؟ سات ہزار مظلوم کردوں پر ، جو اپنی قومیت کی ، خود ارادیت کی جدوجہد میں مصروف عمل تھے ان پر 1986ء میں chemical and biological weapons اور اپنے تمام ہتھیاروں کے تجربات کئے۔ ان کو نیست و نابود کر کے رکھ دیا۔

اگر صدام داخلی طور پر ایک جمہوریت پسند انسان ہوتا ، اگر صدام داخلی طور پر قانون اور آئین کی بالادستی کا احترام کرتا ، اگر صدام داخلی طور پر انسانیت کا احترام کرتا تو عالمی سطح پر بھی شاید صدام کی عزت اور حیثیت ہوتی۔ داخلی طور پر تو وہ امریکہ کا پٹھو بنا رہا ، جس طرح ہم بنے ہوئے ہیں ۔ اس نے پہلے امریکہ کی خدمت گزاری کی ۔ اپنی تمام تیل کی کمپنیوں کو نیشنلائیزڈ کروایا ۔ پھر اس میں امریکن ، برطانوی اور روسیوں کو شراکت دی ۔ اس کے بعد خود اس نے اور اس کے بیٹے نے اپنی جنرل والی وردی میں ساری عیاشیاں کی ہیں ۔ اپنی جنرل کی کابینہ بنائی ۔ اس کے بعد اڑھائی کروڑ انسانوں کے ملک کو اپنے ڈنڈے کے زور پر چلانے کی کوشش کی ۔ اگر کوئی اس طرح سے ملکوں کو چلانے کی کوشش کرے گا ، چاہے وہ صدام ہو یا صدام جیسا کوئی اور جنرل ، چاہے وہ ہری وردی والا ہو یا خاکی وردی والا ، مقدر سب کا ایک ہی ہوتا ہے۔ سب کے سر پر ایک لاٹھی ضرور آئے گی ۔ چاہے وہ شیطان کے ذریعے سے ، بش جیسے شیطان کے ذریعے سے آئے یا کوئی اور انسانی لاٹھی یا کوئی خداوند کی طرف سے ان پر قہر نازل ہو۔

جناب والا ! عالمی تناظر میں اس وقت تمام ممالک میں یہ شور اور زور پکڑتا جا رہا ہے کہ اگر کسی بھی ملک نے استحکام حاصل کرنا ہے ، اپنی بقاء کی ضمانت کو یقینی بنانا ہے تو اس کو سب سے پہلے اپنی داخلی پالیسی پر توجہ دینا ہوگی ۔ آپ چاہے جتنی بھی خوبصورت خارجہ پالیسیاں

بنائیں ، آپ چاہے جتنے لوگوں کی مہمان نوازیاں کریں ۔ جتنا بھی آپ لوگوں کو red carpet reception دیں ، جناب والا ! اگر داخلی طور پر محرومیاں ہوں گی ، داخلی طور پر عدم استحکام ہوگا ، داخلی طور پر northern alliance موجود ہوگا ، داخلی طور پر kurdish movement موجود ہوگی ، داخلی طور پر کشمیر موجود ہوگا ، داخلی طور پر چیچنیا کے مسئلے ہوں گے تو ان ملکوں میں سکون اور چین نہیں آسکتا ۔ آج اگر عراق کے بعد ایران کی باری کی بات کی جا رہی ہے ! اگر پاکستان کی باری کی بات کی جا رہی ہے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہماری خارجہ پالیسی میں حد درجے کی خامیاں ہیں ۔ اسلام آباد کے چند خوبصورت سرد خانوں میں بیٹھ کر ہمارے چند معتبرین، ہمارے ارباب اختیار کسی بھی انسان، کسی بھی محروم شہری اور معصوم پاکستانی عوام کی خواہشات کے برعکس، اپنے مفادات کے لئے خارجہ پالیسیاں بناتے ہیں۔ لیکن داخلی طور پر زیادتیاں ملکوں میں ہوتی ہیں....

جناب والا ! اگر صدام کردوں کے حق خود ارادیت کا احترام کرتا ، اگر ایران میں جتنی بھی اقلیتیں ہیں، ان کے حق خود ارادیت کا، ان کی خودمختاری کا احترام کیا جاتا ! اگر افغانستان میں اسی طرح کا احترام طالبان کے وقت میں ہوتا تو میرے خیال میں آج یہ جھگڑے دنیا کے اندر کم از کم مسلم ممالک کو درپیش نہ آتے لیکن مسلم سائیکالوجی جناب والا ! میں بڑی معذرت کے ساتھ کہنا چاہتا ہوں کہ ہم یہ چاہتے ہیں کہ تمام دنیا میں، تمام مذہبوں کے درمیان ہم آہنگی اور محبت ہو، کہیں عیسائی کا بھی خون نہ بہے، کہیں یہودی کا بھی خون نہ بہے، کسی مسلمان کا بھی خون نہ بہے، کسی بلوچ کا بھی خون نہ بہے، کسی پشتون کا بھی پسینہ نہ بہے مفت میں، کسی کرد کے بچوں اور معصوم بہنوں پر بھی کیمیکل ہتھیاروں کے تجربے نہ کئے جائیں۔

اگر انسانیت کی بقاء اور استحکام کی بات ہوتی ہے تو ہم یہ کہتے ہیں کہ بش نے انتہائی جارحانہ اقدام اٹھایا ہے It is an aggression. It is a military aggression لیکن جارحیت کے اور بھی کئی طریقے ہیں۔ کوئی legal aggression کرتا ہے، کوئی constitutional aggression کرتا ہے کوئی law violate کرتا ہے، کوئی جغرافیے کو violate کرتا ہے تو جناب والا، aggression کی کئی ایک اقسام ہیں ۔ اگر بش کو جابر، شیطان اور شیطان اعظم کا درجہ دیا گیا ہے تو جناب والا، اس قسم کی جارحیت علاقائی سطح پر ، عالمی سطح پر ، ملکی سطح پر کافی لوگ کرتے آرہے ہیں۔ اگر aggression کی مذمت ہے تو aggression کی تمام forms کی ہم

مذمت کرتے ہیں ۔ چاہے وہ constitutional aggression ہو چاہے legal aggression ہو ' چاہے وہ military aggression ہو چاہے وہ کسی کی sovereignty کے خلاف aggression ہو ۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اگر اس وقت پاکستان اس خطے کے اندر ایک مضبوط اور خوشحال ملک کی حیثیت سے سامنے آنا چاہتا ہے تو جناب والا' یہ جو great game of oils جاری ہے اس great game of oils کا شکار ہم چھوٹے مظلوم صوبے بھی ہیں ' ہمارے خلاف بھی چھوٹی چھوٹی جارحیتیں ڈیرہ بگٹی کوہلو کاہن وغیرہ میں جاری رہتی ہیں ' تیل کے بڑے کنوؤں کے لئے اگر جارج بش جنگ کر رہا ہے تو یہاں تیل کے چھوٹے کنوؤں کے لئے بھی بیچارے ہمارے لوگوں کا خون بہایا جا رہا ہے اور ایک نادیدہ سا آپریشن بھی ہمارے علاقوں میں جاری و ساری رہتا ہے ' ہر وقت ہمارے پسینے بھی بہہ رہے ہوتے ہیں اور ہمارے خلاف بھی تجربے کئے جاتے ہیں ۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اگر اس طرح کا رویہ چاہے وہ قومی سطح پر ہو یا بین الاقوامی سطح پر اس کی حمایت نہیں کی جا سکتی۔ ہم امریکہ کے اس اقدام کی ' اتحادی افواج کے اس اقدام کی' ٹونی بلیئر کی ' جارج بش کی اور ان کے شریک سفر کی' عراق کی sovereignty کے خلاف جارحیت کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں ۔ لیکن ہم یہ نہیں سمجھتے کہ صدام کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ اپنی حکومت کو طول دینے کے لئے کردوں کے خلاف بھی طاقت کا استعمال کرے ۔ اگر ہم عالم اسلام کی بات کرتے ہیں سپہ سالار ان اسلام کی بات کرتے ہیں تو جناب والا! صلاح الدین ایوبی سے بڑا سپہ سالار کوئی بھی نہیں تھا اور جو کرد معصوم بچے اور بہنیں اور بیبیاں ماری گئیں وہ سب صلاح الدین ایوبی کی نواسیاں تھیں ' بچے تھے ' بیٹے تھے ۔ جناب والا' صلاح الدین ایوبی اسی کرد قومیت سے تعلق رکھتا تھا۔

اگر ہم آزادی و خود مختاری کی بات کرتے ہیں تو پھر ہم تمام مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ کم دست ہوں چاہے زیر دست ہوں' چاہے وہ کم تعداد میں ہوں ' ہمیں پھر سب کے حق خودارادیت و خود مختاری کا احترام کرنا ہوگا۔ اگر ہم عراق کی خودمختاری کے لئے آج بحث کرتے ہیں تو ہم یہ سمجھتے ہیں کہ سینیٹ کو بھی sovereignty کے حوالے سے ' اقتدار اعلیٰ کے حوالے سے' خود مختاری کے حوالے سے ایک firm stand لینا چاہیے ۔ تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ پاکستان کے سینیٹ کو اور ہم سب کو چاہیئے کہ آج ہم مل کر پاکستان کی جو بھی داخلی پالیسیاں ہیں جن

کی وجہ سے پاکستان کے اندر عدم استحکام ہے اور جو ہماری خارجہ پالیسیاں ہیں جن کی وجہ سے پاکستان عدم استحکام کا شکار ہے ان کو ہمیں حل کرنا چاہیئے ۔ یہ ملک قانون کے تحت بنا تھا، یہ ملک سیاسی جدوجہد کے تحت بنا تھا ۔ اس ملک میں سب کے ساتھ قانون اور آئین کی حکمرانی کا وعدہ کیا گیا تھا چاہے وہ کم تعداد قومیتیں تھیں چاہے زیادہ تعداد والی قومیتیں تھیں۔ لیکن آج جناب والا! اس ملک میں، اکیسویں صدی میں، جب آئین سب سے مقدس کتاب مانی جاتی ہے مگر آج اس ملک کو بغیر آئین کے، بغیر قانون کے، بغیر قاعدے کے، بغیر سیاسی اخلاقیات کے چلانے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔ جناب والا! یہ وہ حق اور سچ باتیں ہیں جن کو سننے کے لئے شاید بڑے دل اور گردے کی ضرورت ہو، لیکن ہم خوفزدہ ہیں کیونکہ جناب والا' اگر مڈل ایسٹ سے پہلی لہر اس طرف بڑھتی ہے تو اس کا سب سے پہلے شکار بھی ہم بنیں گے ۔ ہم بلوچ اس عراقی سیاست کے 1973 میں بھی شکار ہوئے جب عراقی سفارتخانے سے نام نہاد اسلحہ برآمد کروا کر چار سال تک ہمارے میدانوں اور گھروں میں فوج کشیاں کی گئیں ۔ اس عراقی سیاست کا ہمیں پھر ایک خوف ہے کہ ایسا نہ ہو کہ اس عراقی سیاست کا ایک سلسلہ پھر وہاں سے نکلتا ہوا آئے اور ہمارے جغرافیے کو بھی متاثر کر دے ۔ ہم ایک دفعہ پھر کہتے ہیں کہ اس وفاقیت کو مضبوط کرنے کے لئے، اس وفاقیت میں چھوٹے محروم اور مظلوم عوام کو اپنا کردار ادا کرنے کے لئے اس ملک کے تمام دانشور طبقے کو، سیاستدانوں کو اپنا کردار ادا کرنے کے لئے ایک خود مختار آئینی سایہ فراہم کیا جائے اگر عراق کے اندر خود مختار آئینی سایہ ہوتا تو آج عراق ان بمباریوں کی زد میں نہ آتا آج عراق میں یہ تباہی اور بربادی نہ ہوتی۔ آج کوئی بش جیسا جاہل، بیوقوف اپنی ملٹری طاقت کے بل بوتے پر عراقیوں کا اس طرح خون نہ بہاتا۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ پاکستان میں ہمارے اہل دانش کو یہ احساس ہو گیا ہے کہ باریاں آتی ہیں۔ سکندر اعظم کی عظیم فتوحات باقی نہیں رہ سکیں، فارس کی عظیم سلطنت نہیں رہ سکی، روم کی عظیم سلطنت نہیں رہ سکی، اکبر کی عظیم empire انتشار کا شکار ہوگئی، سوویت یونین انتشار کا شکار ہوا۔

جناب والا! یہ ایک بڑی اچھی realisation ہے ۔ یہ بڑی اچھی حقیقت پسندی ہے کہ باری کسی کی بھی آ سکتی ہے ۔ یہ خوفزدہ ہونے والی بات نہیں ہے۔ یہ اصل میں وہ حقیقت ہے جس کا ادراک اگر 1970 میں ہمارے حکمرانوں کو ہوتا تو شاید ملک دو لخت نہ ہوتا۔ اس ٹوٹنے کا

ادراک ، اس انتشار کا ادراک اسلام آباد کے ایوانوں میں کہیں بھی نہیں پایا جاتا ۔ یہاں پر ہمیشہ لوگ سمجھتے ہیں کہ یہ چیزیں قائم رہیں گی۔

جناب والا! ایک خدا کی ذات 'خدا کی حاکمیت اور خدا کی سلطنت قائم رہنے والی ہے ۔ یہ سارے جغرافیے آگے پیچھے ہوتے رہیں گے ۔ کوئی صدیوں میں ہوگا ' کوئی سالوں میں ہوگا ' کوئی عشرے میں ہو گا لیکن ہر چیز تبدیل ہونے والی ہے ماسوائے خداوندتبارک و تعالیٰ کی ذات کے ۔ لہذا اس حقیقت کو ' اس realization کو جو ہمارے عوام یا ہمارے سیاستدانوں یا ہمارے اہل علم و دانش میں پیدا ہوگئی ہے ' اس کا ادراک ہونا چاہیئے۔ ہمیں اپنی داخلی پالیسیوں پر توجہ دینی چاہیئے ۔ ہمیں اپنی خارجہ پالیسیوں پر غور کرنا چاہیئے ۔ ہمیں ان محروم اور محکوم لوگوں کا خیال رکھنا چاہیئے جو ہمارے ہی ملک میں عراق کے معصوم عوام جیسی صورتحال سے دو چار ہیں۔ بڑھتی ہوئی بیروزگاری، بڑھتی ہوئی انسانوں کی تباہی و بربادی، بڑھتے ہوئے ہمارے معاشی مسائل ایک عفریت ہیں۔

جناب والا! عراق کے اپنے اعداد وشمار ہیں کہ ابھی تک صرف ساڑھے تین سومعصوم عراقی مرے ہیں۔ ہمارے ہاں تو روزانہ جناب والا! بھوک سے بارہ سو لوگ مرتے ہیں۔ بلوچستان میں 2001 میں قحط سالی سے ایک سال میں دو ہزار انسان بھوک اور پیاس سے ہلاک ہو گئے ۔ جناب والا! یہ aggression نہیں ہے کیا ؟ یہ exploitation نہیں ہے کیا ؟ اگر اس طرح کے سلسلے ان سارے خطوں میں جاری رہے تو جناب والا! خداوند تبارک و تعالیٰ کے قہر سے ہمیں کوئی نہیں بچا سکتا۔ شاید ہم یہ کوشش کر رہے ہیں کہ اپنے سینیٹ کے توسط سے' عالمی رائے عامہ کے توسط سے اور بہت سی کوششوں سے اس جنگ کو تھوڑا سا روکنے میں کامیاب ہوسکیں اور بش کے قہر سے بچ سکیں۔ میں بڑا مشکور ہوں اپنے سیاستدانوں خاص طور پر حکومت کے سیاستدانوں کا ، حکومتی بنچوں پر تشریف فرما اپنے دوستوں کا کہ ان میں یہ ادراک پیدا ہو گیا ہے ۔ اگر یہ ادراک ہو گیا ہے تو اسے سمجھنے کے لئے اخلاقیات کا بھی مظاہرہ کریں۔ حقیقی وفاقیت ان ممالک میں قائم ہوتی ہے جہاں rule of law ہوتا ہے' جہاں آئین کی بالادستی ہوتی ہے' جہاں انسانوں کی ، قوموں کی خواہشات کا احترام کیا جاتا ہے ۔ ان ممالک پر جناب والا! کوئی جابر بش نازل اور نافذ نہیں ہو سکتا لیکن اگر ملک کے اندر جبر ہو ' ملک کے اندر آمریت ہو اور محض

آمریت کو تحفظ دینے کے لئے علاقائی اور ملکی قسم کی جارحیت ہو تو جناب والا! عالمی جارحیت، international aggression ان کا مقدر بنتی ہے۔

اس سینیٹ کے توسط سے، ایک قوم پرست کی حیثیت سے، ایک وطن دوست کی حیثیت سے، اس ملک کے خیر خواہ ہونے کی حیثیت سے، ایک حقیقی وفاقی ریاست کے قیام کے خواہشمند کی حیثیت سے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر عراق کو بھی ایک حقیقی وفاق کی صورت میں سامنے آنا ہے تو اسے کردوں کی خودمختاری کا تحفظ کرنا ہوگا۔ اس خطے میں ایران کو بھی اپنی اقلیتوں کے تحفظ کا خیال رکھنا ہو گا۔ پاکستان کے اندر بھی جو قومیں محرومی محسوس کر رہی ہیں، جو گھٹن محسوس کر رہی ہیں، وفاقیت کے دائرے میں اپنے آپ کو انتہائی احساس کمتری اور احساس محرومی کا شکار سمجھ رہی ہیں تو جناب والا! ان کے احساس محرومی کو بھی ختم کرنے کیلئے ہمیں کوئی حل ڈھونڈنا ہو گا۔ اگر ہم ان تمام چیزوں میں ناکام ہوتے ہیں تو جناب والا! ہماری محض یہ دس بارہ منٹ کی تقریریں نہ تو عراق کے معصوم عوام کے خون و پسینے کو دجلہ اور فرات کے میدانوں میں بہنے سے بچا سکتی ہیں، نہ ہم اپنی معصوم ماؤں، بہنوں کے دوپٹوں کا تحفظ کر سکیں گے۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اس ادارک کو آگے بڑھنا چاہیئے، اپوزیشن میں، حکومتی اراکین اور خصوصاً ہمارے ان دوستوں، ہمارے ان مہربانوں میں جو ایک تنخواہ دار کی حیثیت سے اس ملک کی خدمت کر رہے ہیں، جو کہیں وردی میں ہیں، کہیں بغیر وردی کے ہیں۔ ان سب کو اس حقیقت کا ادراک کرنا چاہیئے کہ منتخب نمائندے، منتخب ادارے، آئینی ادارے سب سے بالا و برتر ہوتے ہیں۔ آئین کی تشریح، آئین کی توضیح، آئین کی interpretation ان کا کام ہوتا ہے۔ کوئی حاضر سروس جنرل چاہے وہ عراق میں بیٹھا ہو، چاہے وہ پاکستان میں بیٹھا ہو یا دنیا کے کسی اور خطہ میں ہو، یوگوسلاویہ میں بیٹھا ہو یا کہیں پر بھی بیٹھا ہو، اس کی خواہشات، عوام کی خواہشات نہیں ہوتیں، ملک کی خواہشات نہیں ہوتیں، وہ ملک کی پالیسیاں نہیں ہوتیں۔ جناب والا! آج عراق کا 92% revenue تیل سے آ رہا تھا۔ لیکن عراق میں جب آپ facts and figures کو دیکھتے ہیں تو عراق میں غربت کی شرح ہمارے ہاں سے بھی زیادہ تھی۔ 92% اس کا revenue تیل سے آتا تھا۔ لیکن جناب! انہوں نے ایک republican guard بنائی تھی 80 ہزار انسانوں کی۔ ان کو صبح دودھ پلاتے تھے، شام کو بادام کھلاتے تھے، رات کو روٹیاں کھلاتے تھے۔ اب

دیکھتے ہیں کہ یہ بادام اور روٹیاں کیسے نکلیں گی۔

ہمارے ہاں بھی یہی ہو رہا ہے جناب والا! ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ہم جیسے غریب ممالک ، ہم جیسے کمزور ممالک ، معاشی طور پر انتہائی خستہ حال ممالک کو چاہیئے کہ اپنی معاشی پالیسیوں پر تھوڑی سی توجہ دیں۔ وہ کسی ایک ادارے کو over feed کرنے کی بجائے معیشت کی تقسیم کو ، budgetary allocation کو اس طرح پھیلائیں کہ ملک کے اندر استحکام آسکے۔ معاشی طور پر لوگ اس وفاقی ریاست میں اپنے آپ کو مطمئن محسوس کرسکیں۔

جناب چیئرمین! میں آپ کے صبر کا ، آپ کے تحمل کا، آپ کی محبت اور شفقت کا ایک مرتبہ پھر تہہ دل سے مشکور ہوں کہ آپ نے ہماری ان باتوں کو بہت خوبصورتی سے، پیار سے سننے کا موقع دیا۔ ہم جب قومی اسمبلی میں تھے تو وہاں پر بھی ایک سومرو صاحب ہمارے اسپیکر تھے۔ لیکن وہ بہت سی باتوں کو ، جن کو محسوس کرتے تھے ، ان کو cut کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ آپ جس خوبصورتی سے، جس شائستگی سے اپوزیشن اور حکومتی اراکین کے خیالات کو سن رہے ہیں ' ایک دفعہ پھر اس کے لئے میں آپ کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ بہت بہت شکریہ جناب۔

جناب چیئرمین: جناب پروفیسر خورشید صاحب on a point of order

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! پارلیمنٹ کے اس ایوان کی روایات میں ایک چیز یہ بھی شامل ہے کہ جس موضوع پر بحث ہو رہی ہو' اس سے متعلق وزراء اور department کے افراد موجود ہوتے ہیں تاکہ وہ notes لیں۔ مجھے پتا ہے کہ ایک وزیر موصوف یہاں موجود ہیں اور ہم ان کا بڑا احترام کرتے ہیں۔ لیکن اس بحث کی اہمیت کی بنا پر میں آپ کو متوجہ کروں گا کہ آپ سرکاری بنچوں کو یہ کہیں کہ اس بحث کو cover کرنے کے لئے وزیر خارجہ ' Leader of the House اور فارن آفس کے افسران کو موجود ہونا چاہیئے اپنی اپنی جگہ پر جو کہ یہاں موجود نہیں ہیں۔

جناب چیئرمین: جناب لالیکا صاحب۔

میاں عبد الستار لالیکا: جناب والا! پروفیسر صاحب نے جس طرف توجہ دلائی، گزارش

یہ ہے کہ it is the joint responsibility of the Cabinet, تو میں یہاں موجود ہوں۔ Leader of the House موجود ہیں اور میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ فارن آفس کے افسران گیلریز میں موجود ہیں اور ہر تقریر کے باقاعدہ notes لے رہے ہیں۔

جناب چیئرمین، جناب وسیم سجاد صاحب۔

Mr. Wasim Sajjad: In fact, there was a request from the Foreign Minister. he has been urgently called in connection with this very matter for a meeting and the officials are present, they are taking notes and he will be replying at the end.

Mr. Chairman: I think, then we are aware of the obligation, we must attend to them. Yes, Dr. Nighat Agha.

ڈاکٹر نگہت آغا: جناب چیئرمین اور گراں قدر ممبران! ہماری قوم اس وقت بڑی کشمکش سے دوچار ہے۔ ہمارے دل رو رہے ہیں-----

(مداخلت)

Dr. Nighat Agha: Thank you very much for pointing that out.

لیکن یہ مسرت کا بھی مقام ہے کہ ہماری Opposition سارے اختلافات بھلا کر وقت کی ضرورت کے پیش نظر اکٹھی ہوگئی ہے اور میں ان کی بہت شکرگزار ہوں اور یہ ایک بہت بڑی بات ہے پاکستان کے لئے اور امید ہے کہ آئندہ مستقبل میں بھی ایسا ہی رہے گا۔ پروفیسر خورشید احمد صاحب، جناب مشاہد حسین صاحب، مولانا سمیع الحق صاحب اور رضا ربانی صاحب نے اتنی خوبصورتی اور وضاحت سے عراق کا موجودہ بحران explain کیا ہے کہ اب اس میں زیادہ بات کرنے کی گنجائش نہیں رہے گی، میرے لئے at least گنجائش نہیں ہے۔ اس لئے میں صرف چند چیزوں سے آپ کو روشناس کراؤں گی۔

جناب والا! حملے تو صدیوں سے چلے آرہے ہیں، لیکن اس وقت زمانہ stone age کا تھا، اس وقت زمانہ جاہلیت کا تھا اور اس وقت یہ چیزیں اتنی بری نہیں سمجھی جاتی تھیں۔ ہلاکو خان،

چنگیز خان بھی آئے، سب نے تباہیاں اور بربادیاں کیں، لیکن اس کا کوئی خاص اثر نہیں ہوتا تھا، کیونکہ اس وقت ساری دنیا میں یہی چل رہا تھا لیکن آج کل کا زمانہ، جو کہ information processing age ہے، جس میں ہم اپنے آپ کو مہذب کہتے ہیں، وہ اس پہلے زمانے سے بھی بدتر ہو گیا ہے۔ اس لئے کہ اگر ہلاکو خان یا چنگیز خان آتے تھے تو وہ openly کہتے تھے کہ ہم تو لوٹنے کے لئے آئے ہیں لیکن آج کل جو لوگ آرہے ہیں وہ کئی قسم کے الٹے سیدھے بہانے بناتے ہیں کہ ہم تو اس لئے آرہے ہیں، ہم تو آزاد کروانے کے لئے آرہے ہیں۔ میں یہ سوچتی ہوں کہ ہمارے actions ان سے بہت ہی گئے گزرے ہیں، حالانکہ ان کو ہم barbarians کہتے تھے، تو ہم اس زمانے میں کیا کہلائیں گے؟

جناب والا! آج کل کے جو حملہ آور ہیں، میں ان کا نام نہیں لینا چاہتی، کیونکہ تمام ممبران نے ان کے نام لئے ہیں، وہ ہم معصوم اور سچے لوگوں کو سیڑھیوں کے اوپر چڑھا دیتے ہیں کہ ایسے ایسے آپ کریں، تو ہم اس اس طرح سے آپ کی مدد کریں گے اور پھر سیڑھی نیچے سے نکال لیتے ہیں۔ یہی حال عراق کا ہوا ہے، عراق کو attack کرنے کے لئے کہا گیا کویت پر۔ اس لئے ہمیں اس چیز کا بہت ہی خیال رکھنا چاہیئے کہ ہم اپنے فیصلے خود کریں، جو کہ ہم کر رہے ہیں اور مستقبل میں carefully کرتے رہیں گے۔ دو تین بہت ہی خطرناک مثالیں قائم ہو گئی ہیں۔ ان پر سب ممبران نے، خصوصاً مشاہد حسین صاحب نے کہا ہے، ایک تو یہ pre-emption کا idea ہے، مجھے سمجھ نہیں آتا ہے کہ یہ pre-emption کیا ہے؟ اس طرح تو میں کہوں گی کہ مجھے یہ note book بہت پسند ہے، تو میں بہانا بنا کر کہ یہ مجھ پر حملہ کرنے والا ہے، میں اس کی note book چھیننے کے لئے اس پر حملہ کر دوں گی۔ pre-emption کی کس طرح ہم نے اجازت دی ہے، ہم نے اس وقت کیوں شور نہیں مچایا جب pre-emption کی باتیں ہو رہی تھیں؟ ہمیں چاہیئے کہ اس پر بڑا ہی strong action لیں، اور UN میں لیں۔ now what is pre-emption? I mean اس طرح تو آپ کسی کو بھی کہہ سکتے ہیں، اس طرح تو انڈیا یہ کہہ سکتا ہے کہ ہمیں پاکستان سے بہت خطرہ ہے، بجائے کہ ہم اس کا انتظار کریں، ہم اس پر پہلے حملہ کیوں نہ کر دیں۔ یہ تو whole idea ہی بہت غلط ہے۔ ہمیں اس بات پر UN میں stand لینا چاہیئے۔

دوسری بات یہ کہ انہوں نے UN کی اجازت کے بغیر کس طرح حملہ کر دیا ہے، کیا ان پر کوئی penalty نہیں ہونی چاہیئے؟ ہم تو UN کے بغیر کچھ بھی نہیں کر سکتے اور جو لوگ کچھ کرتے ہیں، ان کو بہت penalties پڑتی ہیں۔ ان مضبوط حملہ آوروں کو penalties کیوں نہیں پڑتیں ۔ ہمیں یہ پوائنٹ UN میں raise کرنا چاہیئے اور ہمیں independently raise کرنا چاہیئے۔

جناب والا! یہ ٹھیک ہے کہ ہم لوگ بڑے کمزور ہیں، ٹھیک ہے، ضروری نہیں ہے کہ سارے ہی ممالک بہت بڑے ہوں، سب کے پاس بہت اسلحہ ہو یا وہ ساری چیزیں ہوں کہ جس سے وہ دوسروں پر حملہ کر سکیں، لیکن اگر ہم سب جو so-called کمزور ملک ہیں، اگر اکٹھے ہو جائیں تو کچھ بھی کر سکتے ہیں۔ جیسا کہ چیونٹی ایک ناچیز ہے۔ چھوٹی سی ہے لیکن افریقہ میں آپ سب جانتے ہوں گے کہ جب چیونٹیاں فیصلہ کر لیتی ہیں کہ ہم نے یہاں پر پہنچنا ہے تو ان کے راستے میں کچھ نہیں آتا، وہ مرتی چلی جاتی ہیں، چلتی چلی جاتی ہیں، اگر دریا آ جاتا ہے راہ میں تو وہ مرتی چلی جاتی ہیں، مردہ چیونٹیوں کے اوپر دوسری چیونٹیاں راستہ بنا لیتی ہیں اور چلتی چلی جاتی ہیں۔ ہم تو انسان ہیں، ہم کیسے نہیں اکٹھے ہو سکتے۔ ہم چیونٹیوں سے ہی مثال کیوں نہیں لیتے۔ یہ لوگ جو غلط بیانی سے کام لیتے ہیں، روزانہ اپنے بیانات بدل رہے ہیں کہ ہم تو عراق کے لوگوں کی مدد کرنے کے لئے جا رہے ہیں، ہمیں یہ خوف تھا کہ وہ ہم پر حملہ نہ کر دے، ہر روز ایک نیا بہانہ ہوتا ہے۔ اس طرح کے بہانے تراشی کی ہم اجازت ہی کیوں دیتے ہیں، آخر ہمارے اتنے لائق، اتنی قابلیت والے لوگ یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، کیوں نہیں ہم نے پہلے یہ point raise کیا؟ اس لئے کہ اگر وہ کہتے ہیں کہ ہمیں عراق کے عوام سے ہمدردی ہے تو پچھلے بارہ سال سے کیا ہو رہا تھا؟ لوگ مر رہے تھے۔ اس وقت یہ کہاں تھے؟ اس وقت وہ عراقی بچے، عراقی بہنیں نہیں تھیں۔ عراقی مائیں نہیں تھیں، اس وقت یہ سوئے ہوئے تھے۔ اب انہیں یکایک ان کی چاہت شروع ہو گئی ہے، کہتے ہیں کہ ہم تو عراقی عوام کو آزاد کرانے کے لئے آئے ہیں۔

جناب والا! یہ جو so-called مہذب قومیں ہیں، I don't know what to call them یہ بہت selective طریقے سے، including United Nations اپنے laws implement کرواتے ہیں۔ کشمیر کے لوگ کب سے مر رہے ہیں، فلسطین کے لوگ کب سے

مر رہے ہیں؟ UN میں ہر قسم کی resolutions پاس ہو چکی ہیں، ان پر عملدرآمد نہیں ہو رہا ہے، جس میں ان کو خود interest تھا، East Teimur کا، انہوں نے سیکنڈز میں علاج کر دیا، یہ بہت ہی زیادتی کی بات ہے، یہ جو selective treatment ہے، یہ بند ہونا چاہیئے۔ اگر ہم کمزور ہیں تو پھر کیا ہوا؛ ہم انسان تو ہیں، میں تو انسانیت کی بات کرتی ہوں۔

آخر میں جناب والا! میں یہی گزارش کروں گی کہ جو کچھ بھی حالات ہیں، ہمیں اپنے آپ کو کمزور نہیں سمجھنا چاہیئے۔ جتنے ملک تعداد میں ہم ہیں، اگر ہم اکٹھے ہو جائیں تو ہم کمزور نہیں رہیں گے، کیونکہ ہم lawful لوگ ہیں، اس لئے ہمیں UN کے ذریعے اس کو سامنے لانا چاہیئے۔ جو چیز ہم سوچ رہے ہیں، جو اس ہاؤس میں پیش ہو رہی ہے، اس کی مخالفت نہیں کرنا چاہیئے اور اس کو منوانا چاہیئے۔ باقی ہمارے بس میں اتنا کچھ نہیں ہے کہ ہم جنگ بند کروا سکیں۔ بڑے بڑے ملک جنگ بند نہیں کروا سکے لیکن کچھ نہ کچھ اثر تو ضرور ہو جاتا ہے۔ شکریہ جناب۔

جناب چیئرمین: مولانا شاہ احمد نورانی صاحب۔

مولانا شاہ احمد نوارنی صدیقی: جناب چیئرمین بہت بہت شکریہ۔ دنیا کا کوئی بھی ایسا مسلمان نہیں ہے کہ جس کا تعلق روحانی، دینی، اخلاقی طور پر مسئلہ عراق کے ساتھ نہ ہو۔ دینی نقطہ نظر سے، روحانی نقطہ نظر سے ہمارا اور ان کا جو تعلق ہے، لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے رشتے سے ہم ان سے منسلک ہیں۔ اخلاقی اعتبار سے اس وقت جس جارحیت اور دہشت گردی کا وہ شکار ہیں، جو امریکہ اور اس کے اتحادیوں کی جانب سے ہو رہی ہے، اس پر فقط عالم اسلام ہی سراپا احتجاج نہیں ہے، بلکہ یورپ اور وہ لوگ جو اپنے آپ کو سیکولر کہتے ہیں، جن کا بظاہر دین سے کوئی تعلق نہیں ہے، وہ بھی اخلاقی طور پر اس کی مذمت کئے بغیر نہیں رہ سکتے ہیں۔ اس مسئلہ پر میرا اپنا نقطہ نظر یہ ہے کہ بش صاحب نے صلیبی جنگ کی ابتداء کی ہے اور یہ ان کی زبان سے ایک مرتبہ نکل بھی گیا لیکن بعد میں جو شواہد آئے ان سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ انہوں نے یہ بات اسی نقطہ نظر سے کی لیکن دنیا نے، خاص طور پر یورپ اور ان کے پڑوسی ممالک، شمالی امریکہ، کینیڈا، جنوب میں میکسیکو وغیرہ، انہوں نے اس مسئلے پر ان کا ساتھ نہیں دیا ہے۔ اخلاقی اعتبار سے وہ ہمارے ساتھ ہیں۔

بش صاحب کے بارے میں آپ کو معلوم ہے، اخبارات میں بھی یہ آچکا ہے، ان کے عزائم، وہ ان کی اپنی کتابوں سے، جس کا حوالہ ہمارے محترم سینیٹر مشاہد حسین سید نے دیا، اسی کے ساتھ ساتھ Bush at War کے علاوہ The News Week میں "Bush and God",

"How faith changes his life and shapes his agenda"

10 مارچ کے نیوز ویک میں بھی اور مختلف رسائل و جرائد میں، بش کے جو عزائم ہیں، مذہبی بنیاد پر، عقیدہ کی بنیاد پر وہ اب واضح ہوتے جا رہے ہیں۔ وہ جو یہ جنگ لڑ رہے ہیں اس کے پیچھے عقیدہ کی بنیاد پر ان کے عزائم ہیں۔ مجھے یہ کہنے میں کوئی باک نہیں کہ یورپ، کینیڈا، اور ساؤتھ امریکہ نے ان کا ساتھ نہ دے کر یہ بتا دیا کہ یہ تہذیب کی جنگ نہیں ہے، ہمیں دنیا کو امن دینا چاہیئے۔ میں اس پر ان کا مشکور ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کے غیور عوام بھی یورپین اقوام کے اس سلسلے میں مشکور ہیں۔ لیکن بش نے جو کچھ بھی کیا ہے اور جو کچھ وہ کرنے جا رہے ہیں اس کے پیچھے ایک تو مقصد یہ ہے کہ اپنے عقیدہ کی بنیاد پر وہ جنگ لڑ رہے ہیں دوسرا یہ کہ وہ عظیم تر اسرائیل کے لئے جنگ لڑ رہے ہیں۔ greater Israil کا جو منصوبہ ہے جس کی وضاحت پروٹوکول میں متعدد بار دی گئی ہے، بعض کتابوں میں اور بعض وہ کتابیں جو مستند ہیں، جس میں باقاعدہ یونیسیف، یونائیڈ نیشن ایجوکیشنل ہیلتھ فاؤنڈیشن وغیرہ کے نقشوں میں بھی یہ بتایا گیا کہ اسرائیل میں بچوں کو خاص طور پر پرائمری ایجوکیشن، سیکنڈری ایجوکیشن میں خاص طور پر یہ تعلیم دی جاتی ہے کہ عظیم تر اسرائیل کے لئے ہمیں کام کرنا ہے اور عظیم تر اسرائیل کا منصوبہ یہ ہے کہ مدینہ منورہ، حجاز مقدس اور فرات کی سرزمین یہ سب اس عظیم تر اسرائیل میں شامل ہے۔ اس عظیم تر اسرائیل کے نقشے اسرائیل کے بازاروں میں دستیاب ہیں۔ اسکولوں میں باقاعدہ طور پر پڑھائے جاتے ہیں۔ ان کا دستیاب ہونا کوئی مشکل نہیں ہے یہاں کی لائبریری کے اندر بھی وہ ساری چیزیں موجود ہیں۔

میں جو بات عرض کر رہا تھا وہ یہ تھی کہ اس وقت عراق کی جو جنگ وہ لڑ رہے ہیں۔ اس کے پیچھے یہ مقاصد کارفرما ہیں، جن میں مدینہ منورہ، جس کے متعلق یہودیوں کا یہ خیال ہے کہ ہم کو ساڑھے چودہ سو سال پہلے مدینہ منورہ سے نکالا گیا تھا اسی طرح سے عراق کی سرزمین سے ان کا تعلق اس وجہ سے ہے کہ سیدنا ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام ارض بابل میں پیدا ہوئے۔ تو

ارض بابل جو ہے یہ بھی یہودیوں کی ہے۔ تو نہر سے فرات تک، نہر سے مراد سویز ہے اور فرات سے مراد دریائے فرات ہے جو عراق میں بہتا ہے۔ تو نہرسویز سے فرات تک یہ سب عظیم تر اسرائیل کے نقشے میں دکھایا گیا ہے۔ یہ سارا کام اس کے لئے ہو رہا ہے۔

اب یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ہمیں اس سلسلے میں کیا کرنا چاہیئے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگرچہ بش صاحب اپنے عقیدے کی بنیاد پر جنگ کر رہے ہیں لیکن ہمیں بہرحال امن کے لئے جدوجہد کرنی چاہیئے اور ان کے جو مکروہ عزائم ہیں ان کے سدباب کے لئے جتنے بھی ذرائع اور وسائل ہیں ان پر کام کرنا چاہیئے۔ پاکستان کی سرزمین کو بھی خطرات درپیش ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ اسرائیل کے مقاصد میں یقیناً یہ بھی شامل ہوگا، اسرائیل کے وزیراعظم بن گوریان نے ایک زمانے میں تقریر کرتے ہوئے یہ کہا "جس طرح ہم نے 1982 میں عراق کی ایٹمی قوت کو تباہ کیا" ابھی ایٹمی پروگرام بن رہا تھا جاری تھا "ایٹمی ریکٹر کو تباہ کیا ہے ایسے ہی پاکستان کے ایٹمی پروگرام کو بھی تباہ کریں گے۔ یہ بھی ہمارے لئے بہت بڑا خطرہ ہے"۔ عظیم تر اسرائیل کے ساتھ ساتھ آگے چل کر یقیناً بش صاحب کے ایجنڈے میں یہ بھی ہوگا کہ وہ کس طرح سے پاکستان کو برائی کے محور میں شامل کریں اگرچہ axis of evil میں ابھی ہم شامل نہیں ہیں۔ صرف ایران ہے، عراق ہے اور کوریا ہے۔ شمالی کوریا کا تو انہوں نے ویسے برائے بحث نام لے لیا ہے لیکن وہ کوریا کے ساتھ کچھ نہیں کرنا چاہتے۔ کوریا کے ساتھ تو مذاکرات کے ساتھ ہی معاملات طے کرنا چاہتے ہیں۔ لیکن مسلمانوں کو وہ بارود، آہن و آتش سے تباہ و برباد کرنا چاہتے ہیں جو کچھ عراق میں کر رہے ہیں یہ ایک ننگی اور کھلی ہوئی جارحیت ہے جس کی مذمت کئے ہوئے بغیر کوئی بھی شخص رہ نہیں سکتا۔ خاص طور پر ہم جو مسلمان ہیں ہم تو امن پر یقین رکھتے ہیں۔ دہشت گردی کے سلسلے میں جو پروپیگنڈہ کیا جا رہا ہے اسلام کو جو دہشت گردی کے ساتھ جوڑا جا رہا ہے اس کے پیچھے اصل میں بات یہ ہے کہ اسلام اس وقت تیزی سے پھیلنے والا ایک مذہب ہے آپ کے علم میں ہے کہ میں تبلیغی سلسلے میں جاتا رہتا ہوں، 1948 میں واشنگٹن، کیلیفورنیا اور شکاگو تینوں مقامات پر جہاں تین مسجدیں تھیں وہاں آج الحمدللہ 2002 میں بارہ سو سے زیادہ مساجد ہیں اور الحمدللہ چھ ملین سے زائد مسلمان موجود ہیں۔ اس کا اعتراف امریکن سفیر نے بھی دو سال پہلے اپنی تقریر میں کیا تھا۔ تو اسلام تیزی سے پھیلنے والا مذہب ہے اور آپ

کے علم میں یہ بات ہو گی کہ واشنگٹن میں پہلی مرتبہ 1997 میں کلنٹن صاحب کی طرف سے امریکہ میں مقیم مسلم زعماء کو وائٹ ہاؤس میں دعوت دی گئی - وہ افطار ڈنر تھا۔ 1997ء میں پہلی مرتبہ امریکہ کی تاریخ میں ایسا ہوا ہے اور اس میں ہیلری کلنٹن نے تقریر کرتے ہوئے یہ کہا کہ we admit that Islam is the fastest growing religion in this region. تو اسلام تیزی سے پھیلنے والا مذہب ہے۔ اب اس کے خلاف یہ پابندیاں تو لگا نہیں سکتے کہ اسلام کی تبلیغ مت کریں اس لئے کہ کرسچن مشنریز بھی ہمارے یہاں آتے جاتے ہیں - ہم نے کبھی ان پر اعتراض نہیں کیا۔ اس لئے کہ ان کو اجازت ہے تبلیغ کرنے کی۔ اسلام کی حقانیت خود ہی ثابت ہو جاتی ہے - جیسے مشک خود بخود اپنی خوشبو کا اعتراف کرا لیتی ہے اسی طرح اسلام بھی خود بخود اپنی خوبیوں کا اعتراف کرا لیتا ہے۔ تو اس کو دہشت گردی سے جوڑ کر اسلام کے خلاف نفرت پیدا کی گئی تاکہ یہ fastest growing religion جو یورپ، امریکہ اور کینیڈا میں تیزی سے پھیل رہا ہے اس کو روکا جا سکے۔ یہ اس کے خلاف بھی ایک جنگ ہے - دہشت گردی کے نام پر اسلام کے خلاف جنگ ہو رہی ہے تاکہ اس کا راستہ دہشت گردی کے نام پر روکا جائے۔ ویسے اگر روکتے ہیں کہ وہ کسی مبلغ کو آنے کی اجازت نہ دیں تو یہ مشکل ہے - پاکستان سے جو بہت سے علماء تشریف لے جاتے تھے اب ان مبلغین کو ویزے نہیں دیئے جا رہے، وہ بند کر دیئے ہیں۔ بہرحال یہ ایک الگ موضوع ہے میں اس پر نہیں جانا چاہتا۔ میں جو بات عرض کر رہا تھا وہ یہ تھی کہ وہ اس جنگ کو خالصتاً مذہبی بنیاد پر لڑ رہے ہیں جبکہ ہم یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ اسلام امن کا مذہب ہے، انسانیت کے وقار اور اس کے شرف کا سب سے بڑا محافظ اسلام ہے۔ قرآن مجید فرقان حمید میں اللہ رب العالمین نے ارشاد فرمایا ہے کہ اگر کسی شخص نے فساد کی نیت سے بغیر کسی استحقاق کے کسی انسان کو بھی قتل کیا، خواہ وہ یہودی ہو، عیسائی ہو، کوئی انسان ہو، کوئی بھی ہو، کسی بھی عقیدے سے تعلق رکھتا ہو، تو اس نے پوری انسانیت کو قتل کیا اور اگر کسی نے ایک انسان کو زندہ رکھا اور اس کی زندگی کا سامان فراہم کیا تو اس نے پوری انسانیت کو زندہ کر دیا۔ یعنی اسلام human races کی بنیاد پر بات کرتا ہے، شرف انسانیت کی بات کرتا ہے۔ اگر کسی نے ایک انسان کو بھی قتل کیا تو اس نے پوری انسانیت کو قتل کیا یہ تو ہماری مذہبی تعلیم ہے کہ ہم امن کے لئے کام کریں۔

تو میں یہ چاہوں گا کہ میں اور آپ سب مل کر جہاں امن کی جدوجہد کر رہے ہیں وہاں ہم یہ بھی مطالبہ کریں کہ جنگ کو فوری طور پر بند کیا جائے ۔ بش صاحب جو عقیدے کی بنیاد پر یہ جنگ لڑ رہے ہیں ، ان کو روکنے کے لئے کیا تدابیر حکومت پاکستان کو اختیار کرنی چاہئیں ، اس پر بھی ہم غور کریں اور اس کے ساتھ ساتھ آپ نے غور فرمایا ہو گا اور بڑی مضحکہ خیز بات ہے کہ دو ہفتے قبل برطانوی پارلیمنٹ کے ایک معزز ممبر نے House of Commons میں ایک قرارداد پیش کی کہ اب جبکہ عراق پر حملہ ہو گیا ہے تو میں قرار داد پیش کرتا ہوں کہ عراق میں بغداد کے چڑیا گھر کے جانوروں کا تحفظ کیا جائے۔ یہ قرار داد وہاں پارلیمنٹ میں پیش ہوئی ہے ، House of Commons میں اس پر بحث ہوئی ہے اور یہ بڑی شرمناک بات ہے کہ جانوروں کے تحفظ کی ان کو بڑی فکر ہے لیکن انسانوں کے لئے آتش و آہن کی بارش ہو رہی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جس طرح بمباری ہوئی ہے اس سے بے شمار انسان تباہ ہو گئے ہوں گے اور وہ سر زمین کہ جو انبیا علیہم السلام کی سر زمین ہے ، جہاں یونس پیغمبر ، دانیال پیغمبر ، عظیم المرتبت بزرگ پیغمبر آرام فرما ہیں اور جو صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کی سرزمین ہے ، داماد رسول ، خلیفہ رسول سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا مدفن ہے ، مزار مقدس ہے ، سید الشہدا حسین ، شہید کربلا رضی اللہ عنہ کا مزار مقدس ہے۔ امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کا مزارِ مقدس ہے۔ سیدنا عبد القادر جیلانی غوث اعظم شاہ جیلانی پیران پیر دستگیر رحمت اللہ علیہ کا مزار مبارک ہے جو کروڑوں مسلمانوں کے مقتدر پیشوا اور روحانی سلسلے کے مقتداء ہیں۔ اس طرح سے اور بیشمار اولیاء اللہ ، سیدنا احمد کبیر رفاعی بصرہ میں ان کا مزار مبارک ہے ، جنید بغدادی رحمت اللہ علیہ ، طائفہ سرگروہ اولیاء ان کا مزار مبارک ہے۔ آج وہ سب تاریخی آثار ہزاروں کی تعداد میں مٹائے جا رہے ہیں۔ آج کے اخبار کے مطابق بڑی وحشیانہ بمباری ہو رہی ہے ، نئے نئے تجربے ہو رہے ہیں۔ نئے نئے ہتھیاروں کے نئے تجربات کے لئے مسلم امہ کو منتخب کیا گیا ہے۔ افغانستان کی سرزمین کو پہلے منتخب کیا گیا تھا اور اس کو تباہ کیا گیا حالانکہ وہ بے قصور تھے۔ اسامہ صاحب مجاہد تھے اور مجاہد ہیں۔ اور اسی طرح سے عراق کے لوگ بھی مجاہد ہیں اور امریکہ کی اس ظالمانہ کارروائی ، جارحیت اور دہشت گردی کے خلاف جہاد کر رہے ہیں۔ میں اُن سب مجاہدین کو مبارکباد بھی پیش کرتا ہوں اور ہاؤس سے عرض کروں گا کہ جو resolution متفقہ طور پر تیار کیا جا رہا ہے اس پر ہم سب متفقہ طور پر اس

بات کا مطالبہ کریں کہ جنگ کو فوری طور پر بند کیا جائے اور حکومت پاکستان سے بھی کہا جائے کہ وہ اس بات کا جواب دے۔ میں سمجھتا تھا کہ محترم وزیر دفاع یہاں موجود ہوں گے لیکن ظاہر ہے ان کی اپنی مصروفیات ہیں، محترم وزیر خارجہ کی بھی اپنی مصروفیات ہیں لیکن کم از کم میں یہ پوچھنا چاہوں گا کہ پاکستان کے ہوائی اڈے، فضائی اڈے کیا امریکن فوجوں کے استعمال میں ہیں اور کیا یہاں سے ہوائی جہاز پر logistic کی سہولتیں ان کو دی جا رہی ہیں یا نہیں دی جا رہی ہیں اس کی بھی وضاحت پارلیمنٹ میں ہونی چاہیئے۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ محمد عباس کمیلی صاحب۔

جناب محمد عباس کمیلی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ (عربی) اما بعد جناب چیئرمین صاحب اس ایوان میں جو خوبصورت تقریریں ہوئی ہیں اور treasury benches اور حزب اختلاف کے معزز اراکین نے یک زبان ہو کر موجودہ جارحیت کی جو مذمت کی ہے اس پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتا ہوں۔ مولانا سمیع الحق صاحب آج اس ایوان میں حاضر نہیں ہیں، انہوں نے اسی آیت سے گفتگو شروع کی لیکن آیت پر وہ شاید وقت کی تنگی کے باعث گفتگو نہ کر سکے، وہ شاید کہنا چاہتے تھے کہ یہ آج نور خدا کو بجھانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

نورِ خدا ہے کفر کی حرکت پر خندہ زن
پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا

وہ شاید یہ کہنا چاہتے تھے۔ آیت میں ضرور کہا گیا ہے کہ نورِخدا کو بجھا دیں اور یہی مفہوم حضرت مولانا شاہ احمد نورانی صاحب کی تقریر کا بھی تھا اور ایسا ہے بھی۔ لیکن اللہ نے بھی تو وعدہ کیا ہے، اللہ کا بھی تو کوئی ارادہ ہے (عربی) اللہ نے بھی یہ ارادہ کر لیا ہے کہ اپنے نور کو اتمام تک پہنچا کر رہے گا اگرچہ یہی بات کافروں کو ناگوار گزر رہی ہے۔

وقتِ فرصت ہے کہاں، کام ابھی باقی ہے
نورِ توحید کا اتمام ابھی باقی ہے

یہ علامہ اقبال نے کہا ہے۔ نورِتوحید کا اتمام ہو کر رہے گا اور وہ اپنے نور کی خود حفاظت کرنے والا ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ ہم ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ جائیں۔ ہمیں

جارحیت کی بھرپور مذمت کرنا ہے اور ہم کر رہے ہیں۔ ظالم کے خلاف اس کے مقابلے پر حرف حق کہنا وہ بھی عظیم جہاد ہے اور ہم اس ایوان میں آج وہ جہاد یہاں کر بھی رہے ہیں۔ مولانا شاہ احمد نورانی صاحب نے بہت عمدہ گفتگو کی ہے انہوں نے قرآنی آیات کے حوالے سے گفتگو کی ہے کہ ایک انسان کا قتل' انسانیت کا قتل ہے اور ایک انسان کو زندہ کرنا پوری انسانیت کو زندہ کرنا ہے۔ اس سے آگے قرآن کہتا ہے جو مومن کو عمداً قتل کرے اس کی جزا جہنم ہے اور ابھی ابھی اس ایوان کی ایک خاتون ڈاکٹر صاحبہ نے کہا کہ اب تک عراقی جنگ میں ساڑھے تین سو افراد قتل کئے گئے ہیں۔ ہم اس کی بھرپور مذمت کرتے ہیں۔ لیکن میں اس معزز ایوان میں یہ بھی کہنے کی جسارت کروں گا اور میری گفتگو کو بڑے تحمل کے ساتھ سنا جائے کہ اسلام اور ہے اورمسلمان اور ہے' صدام اور ہے اور اسلام ہے۔ بش ضرور اپنے عقیدے کے بنیاد پر لڑ رہا ہے لیکن صدام اپنے عقیدے کے لئے نہیں لڑ رہا۔ اگر انسانیت کے قتل ہی کے ناطے سے دیکھنا ہے تو پھر صدام کے مقتولین کی تعداد بھی ریکارڈ پر آنی چاہئے۔ صدام نے کس قدر بے دریغ انسانیت کا قتل کیا ہے اس کی تعداد لاکھوں میں جا چکی ہے۔ صدام نہ صرف ظالم ہے۔ کہنے کو مسلمان ہے لیکن ہزاروں مسلمانوں کا نہیں' لاکھوں مسلمانوں کا قاتل ہے۔ وہ اسلام کا دشمن ہے اس نے علماء کو قتل کیا ہے اس میں علمائے اہلسنت بھی ہیں جن کے نام میرے پاس موجود ہیں' میں سارے ریکارڈ کے ساتھ یہاں آیا ہوں۔ علمائے اہلسنت جن کے نام میرے پاس موجود ہیں۔ شیخ عبدالعزیز بدری جو کہ آزادی فلسطین کی جنگ کے لئے' پاکستان کی حمایت حاصل کرنے لئے پاکستان بھی تشریف لائے تھے۔ خطیب اعظم عبدالظاہر الکعبی اور شیخ حمزہ زہداوی کو مع دیگر علمائے اہلسنت کے گرفتار کیا گیا' قید بھی کیا گیا۔ علماء اہل تشیع میں مرجع عالی قدر حضرت آیت اللہ محسن الحکیم کے خاندان کے 96 افراد کو اس نے قید کیا اور قتل کیا۔ آیت اللہ باقر الصدر جو کہ مشہور کتاب " اقتصادنا " کے مصنف ہیں کیونکہ آپ کا تعلق بھی banking سے رہا ہے۔ اسلامی معیشت ان کی کتاب ہے ان کو بے دردی کے ساتھ شہید کیا۔ نہ صرف ان کو شہید کیا بلکہ ان کی ہمشیرہ کو بھی بے دردی کے ساتھ قتل اور شہید کیا اور یہ کہہ کہ یزید نے جو غلطی کی تھی وہ میں نہیں کروں گا۔ یزید نے حسین کی بہن کو قتل نہیں کیا۔ میں اس کی بہن کو بھی قتل کر دوں گا۔ کتنوں کو اس نے pursecute کیا۔ خود میرے خاندان سے اس کی ابتداء ہوئی ہے۔ میرے

خاندان کے ایک فرد معصوم حسین "ڈان" کے کالم نگار تھے جن کا حال ہی میں انتقال ہوا اس کے والد عبدالحسین کو he was the first victim of his aggression کیونکہ انہوں نے عراق میں زائرین کے لئے مسافر خانوں کا ایک جال بچھا دیا تھا وہ علماء کی خدمت کرتے تھے۔ میں اس بحث میں مزید نہیں جانا چاہتا۔ تعداد میرے پاس موجود ہے۔ یہ صدام کل تک کیا تھا، کل تک اسی امریکہ کا ایجنٹ تھا، پٹھو تھا۔ اس کا تعلق کمیونسٹ پارٹی سے ہے۔ صدام حسین نے امام حسین کے روضے کی بات کی اور حضرت علی کے روضے کی بات کی، ان آنکھوں نے ان روضوں پر گولیوں کی نشانات دیکھے، روضوں پر گولیاں برسائی گئیں۔ جب امام حسین رضی اللہ عنہ کے روضہ پر صدام کا داماد کامل حسین حملہ آور ہوتا ہے یہ کہہ کر خطاب کرتا ہے جو ریکارڈ موجود ہے کہ اے حسین، تو بھی حسین ہے، میں بھی حسین ہوں۔ آج دیکھتے ہیں کون زیادہ طاقتور ہے اور اس کے بعد وہاں پر قتل عام ہوتا ہے اور یہ وہی کامل حسین ہے جو اس کا داماد ہے، جو اس سے بغاوت کرکے اردن چلا گیا، پھر واپس اسے بلا کر صدام نے قتل کردیا یعنی اپنے دامادوں کو بھی نہیں بخشا۔ تو جہاں بش کے جرائم کی مذمت کی جارہی ہے وہاں صدام کے مظالم اور جرائم کو بھی ریکارڈ پر آنا چاہیئے۔

We are against all sorts of aggression and all aggressors whether they are muslims or non muslims دہشت گردی جہاں کہیں سے ہو، جیسا کہ ثناء اللہ صاحب نے کہا، جس نوعیت کی ہو، اس کی حمایت نہیں کی جاسکتی۔ میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ بش لڑ رہا ہے اپنے عقیدے کی بنیاد پر اور اس کے مظالم کا نشانہ کون ہے، صدام نہیں ہے، عراقی عوام ہیں، عراق کے مسلمان ہیں۔ وہ اپنے ملک، اپنی مقدس سرزمین اور اپنے عقیدے کے تحفظ کے لئے لڑ رہے ہیں۔ صدام اپنے عقیدے کے لئے نہیں لڑ رہا۔ اس کا عقیدہ تو اسلام کے خلاف ہے صرف اس کا نام مسلمانوں کا ہے۔ تو یہ عراقی عوام جہاد کررہے ہیں اور دیکھئیے اور ان کو خراج عقیدت پیش کرنے کا مقام ہے۔ اتنی شدید بمباری میں، اس قدر مہلک بمباری میں انہوں نے راہ فرار اختیار نہیں کی۔ وہ کربلا اور نجف والے ہیں اور کربلا اور نجف والے کیا ہوتے ہیں انہوں نے دکھا دیا۔ چاہے دشمن کتنا ہی مضبوط ہو وہ راہ فرار اختیار نہیں کرتے کیونکہ انہوں نے اللہ کے لئے قیام کیا ہے۔ وہ مظلوم ہیں

(عربی) جہاد کرنے کا حق تو مظلوم کو ہے۔ ظالم جہاد نہیں کرتا۔ عراقی قوم مظلوم ہے

۔لہذا وہ اپنی سرزمین کے تحفظ کے لئے لڑ رہے ہیں' اس کے باوجود کہ وہ صدام کے ستائے ہوئے ہیں' اس کے باوجود کے وہ صدام کے مظالم کا شکار رہے ہیں ۔اب چونکہ بیرونی جارحیت ہے لہذاوہ اپنی سرزمین کے دفاع کے لئے جنگ کر رہے ہیں، صدام کے دفاع کے لئے نہیں۔ صدام تو ایک محفوظ قلعے میں ہے ۔ ان کے سامنے آئمہ اہلبیت کی سیرت ہے ۔ میرے پاس صحیفہ کاملہ موجود ہے جس میں امام زین العابدین کی دعا ہے ۔ امام زین العابدین سے زیادہ بنو امیہ کا ستایا ہوا کوئی نہیں تھا ۔ وہ کربلا کا زخم خوردہ ہے۔ انہیں کوفہ اور شام کے بازاروں اور درباروں میں اسیر کر کے پھرایا گیا ہے ۔ انہوں نے کربلا کا مقتل دیکھا ہے لیکن جب اسلامی سرحدوں پر حملہ ہو جاتا ہے تو یہی میرا مظلوم امام بارگاہ الہی میں دعا کرتا ہے کہ پروردگار مسلمانوں کی سرحدوں کی تو حفاظت فرما۔وہ دعا موجود ہے ۔

آج بھی ہم یہی چاہتے ہیں کہ تمام مسلم ممالک کی سرحدوں کی حفاظت ہو ۔ اسی لئے عراقی عوام جدوجہد کر رہے ہیں ۔ یقیناً جنگ کو روکا جائے' پوری کوششیں کی جائیں' ہم اس کی مذمت کرتے ہیں لیکن خدارا! صدام کو ہیرو نہ بنایئے ۔صدام اسلام کا ہیرو نہیں ہے ،صدام اسلام کا باغی ہے ۔

جناب والا! امریکہ نے جو نعرہ دیا ہے War againt terrorist تو صدام ہے ہی terrorist and this is a war between two aggressors and Saddam is a bigger aggressor تو جو قرارداد ہو' اس میں صدام کے مظالم کی بھی مذمت ہو ۔ عراقی عوام کو' عراق کے مسلمانوں ' عراق کے مقدس مقامات کو صدام جیسے ظالم سے بھی نجات دلائی جائے تاکہ وہاں کے مسلمان امن اورسکون سے رہ سکیں اور ان کی جان و مال محفوظ رہے ۔ وما علینا الا البلاغ۔ شکریہ۔

Mr.Chairman:Thank you, Mr. Raza Rabbani,yes Mr. Ishaq Dar.

جناب محمد اسحاق ڈار : شکریہ جناب چیئرمین۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! ہم نے دیکھا کہ مارچ 20 تک a clear and credible prospect of disarming Iraq peacefully was there . United Nation's Inspectors were doing a good job and were producing a

tangible results. Effective disarmament through peaceful means and in a speedy manner was visible and progress on road map chalked out in United Nations resolution 1441 was meaningful But all of a sudden United States decided to pull back its resolution and the history never witnessed such a forceful demand against war as we have seen in Iraq against as you have seen in a case of Iraq war.

پاکستان میں دیکھیں آپ دوسرے ممالک میں دیکھیں ۔ پندرہ پندرہ لاکھ کے اجتماعات ہوئے اور ہمارے ملک میں sentiments جو کہ lower House میں تھے یا اس House میں ہیں وہ چاہے ممبرز اپوزیشن کے ہیں یا treasury benches کے ہیں۔ وہ almost similar ہیں کہ اس کو condemn کرنا چاہیے لیکن بڑے افسوس کی بات ہے کہ

for unknown reasons the government attitude has been very apologetic. I must remind Mr. Chairman! that the National Assembly session was requisitioned by the Opposition. It was not allowed to proceed more than two days and we saw that despite promises with the honourable members of the National Assembly that they would be permitted to speak, the session was prorogued the second day in the evening at 11.15, and unfortunately no resolution could be adopted there. Mr. Chairman! this session has again been requisitioned by the Opposition. See the attitude, the sentiments of the people of Pakistan, the elected parliamentarians of this country and the practical actions of this government. This is most regretful.

میں اللہ کا شکر کرتا ہوں اگر آپ حدیث شریف کی طرف دیکھیں تو یہ کہا گیا کہ مسلمان امت ایک ہے۔ یہ ایک جسم کی مانند ہے۔ اگر اس کے کسی ایک عضو کو تکلیف ہو تو اس کے باقی اعضا کو بھی تکلیف پہنچتی ہے۔ callous attitude اتنا تھا کہ ہم نے ایک دو لفظ سیکھ لیے ہیں اور میں اس کی قدر کرتا ہوں لیکن

in relative term you can use these two words, Pakistan first. Yes Pakistan first. When Pakistan first is with reference to yourself, when Pakistan first is with reference to your party, when Pakistan first is with reference to your leadership, when Pakistan first is with reference to your country, you can not have the same principle when it is towards your religion.

جناب! میں تو اللہ کا شکر کرتا ہوں کہ President Bush نے غلطی سے اس گورنمنٹ کو فون کر کے یہ نہیں بتایا بیس مارچ کو کہ جناب! we are now going to attack Iraq. ان لوگوں نے تو کہنا تھا Pakistan first شکر ہے اللہ کا کہ ان سے پوچھا نہیں۔ ان کو بتایا نہیں۔ تو کل بھی ہم نے دیکھا کہ ایک افہام وتفہیم کے ساتھ ہم نے Treasury Benches کے ساتھ Leader of the House کے ساتھ ایک طریقہ طے کیا اور اس طریقے کو follow کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ابھی تک۔ لیکن میرے بہت معزز دوست جو یہاں بیٹھے ہیں شاید ان کو معلوم نہیں جب یہاں یہ کارروائی ہو رہی تھی پی۔ٹی۔وی ایک پروگرام دکھا رہا تھا L.F.O. کے اوپر۔ I mean it is an isolated incidence جو دو پوائینٹ آف آرڈر پر آپ کے knowledge میں دو چیزیں لائی گئیں کہ اماراتی جنرل نے کیا کہا اور جنرل صاحب کی ایک اور statement کیا ہے۔ I think it is a planned activity کہ ادھر ہم بات کر رہے ہیں کہ L.F.O. پر بات نہیں ہو گی It is an international crisis, we should be speaking on Iraq. ادھر ایک plan کر کے پروگرام دکھایا جا رہے ہے PTV پر طلعت حسین صاحب کا۔

maligning the Opposition hat they are engaging themselves in LFO and they are not interested in talking on Iraq. Now the situation, the truth is something different. Lower House

بھی ہم نے requisition کیا حکومت کو اتنی جرأت نہیں ہوئی کہ قرارداد consensus کے ساتھ pass کر سکے۔ ابھی ہمیں understanding دی گئی and I would like it to be recorded on the flour of the House, that this session will not be prorogued before it adopts a unanimous resolution. We want to work with

Treasury. جہاں کوئی الفاظ کی ہیر پھیر ہے یا جہاں کوئی اس چیز کی کمی بیشی ہے ہم اس پر cooperate کرنے کے لئے تیار ہیں جناب چیئرمین! آپ اپنے آفس یا personal conduct کے ذریعے

you are only heart beat away from the President. I think, we have to spread wisdom in the government and in all relevant quarters that when the situation like Iraq is there, I think, there should be no party politics. There should be a consensus approach towards such incidents. Mr. Chairman, this war is a clear aggression. We condemn this war.

۱۹۹۱ء کی war میں ہم نے دیکھا کہ مڈل ایسٹ کے لوگ اور مڈل ایسٹ کے ملکوں کو لوٹا گیا۔ اربوں ڈالرز ان سے recover کئے گئے اور US کی economy جو اس وقت bankrupt ہو رہی تھی وہ economy اٹھ گئی۔

In 1998, let me share with this august House through you, Mr. Chairman, there were similar moves. It was the PML(N) government at that time and we had quite diplomacy to stop that war. A Middle East ruler telephoned the former Prime Minister of Pakistan who was in Beijing on official tour that we have been approached, we have been asked to advise whether United States should attack Iraq at that time. The Prime Minister said that he will send somebody and I was the one who was sent there and I explained that Middle East will be looted and plundered once again for its own economic benefits.

جناب چیئرمین! یہ پھر وہی war ہے۔ ۷۵ بلین ڈالرز کا عندیہ دیا جا رہا ہے اور اس وقت Middle East countries were on board to fund and finance that war. اس وقت مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ شاید یہ بل پورے کا پورا عراق کے آئل سے recover کرنے کی نیت ہوگی۔ جناب والا! ہمیں پاکستان کے interest کو بھی watch کرنا

ہے۔

The past track record hasn't been very good. I compliment Mr. Mushahid Hussain, honourable member who pointed out certain facts from the Bush At War but I also salute his loyalty to the Treasury Benches. He failed to mention that there is also a mention in that book that there was a list of demands on 11th of September and they expected that Pakistan will negotiate for some give and take. It is unfortunate Mr. Chairman, that we totally surrendered. We did not have the capacity of courage to bargain, to negotiate in the best interest of Pakistan first, in the best interest of the muslims at large and, particularly, the Pakistanis who were already present in Afghanistan. If we had gained some time, I am sure the situation, Mr Chairman, would have been different. We also lost economically as an ally in the process of war on terror

جناب چیئرمین! ہمارے اپنے اس وقت کے ملٹری کے مشیر خزانہ نے CNN پر آ کر demand کی کہ ہمارا ڈیڑھ ارب ڈالر کا نقصان ہوگا in case if we are ally with US war on terror. جناب! اگر ان کو calculation کرنی نہیں آتی تو وہ اپوزیشن کے لوگوں سے پوچھیں۔

Senator Mushahid Hussain is a witness when the sanctions were imposed on Pakistan after the nuclear detonation in Oval office. We told President Clinton and his team that you have caused us a loss of at least 9 billion dollars. Mr Chairman, it is not a loss of only exports. It is a loss of recession, it is a loss of GDP. It is a present loss. It is a future loss. It is a direct loss. It is an indirect loss. These are consequential losses. These incompetent imported people in this country have no loyalty to this country. They have just demanded one and half billion whereas the

losses I can prove you and him today are going to be, you are yourself banker, not less than 12 to 15 billion dollars. Mr. Chairman, I strongly urge that this government should take cognizance and they should work out a proper strategy under the present circumstances, Mr. Chairman.

ہمیں اس وقت calculate کرنا ہوگا اپنے عوام کے point of view سے اور اس کی economic implications کے حوالے سے۔ میں نے عرض کیا کہ دونوں Houses ہم نے بلائے۔

I think, it would have been very nice if one of the Treasury Benches speaker and particularly, I think, one of the Economic Ministers should have in the beginning spelled out the possible consequences of this war on the economy of Pakistan. That is where the Pakistan first comes. We should be planning here carefully, candidly and in the interest of the people of Pakistan. But we haven't heard anything so far. There should be a deliberation while we condemn and we slate the aggression. We should also be working what are the consequences on economy. How are we going to tackle it? What are the potential losses. On the contrary

ہم عوام کو further اس فساد میں بھی لوٹ رہے ہیں ۔

ولوٹ رہے ہیں۔ prices fall or going up, the proportionate surcharge is going up. If the base price is one dollar, obviously there is a surcharge. I strongly urge in true spirit to help the people of Pakistan that the government should announce that the price of petroleum products which was on 1st of March this year in this country. The surcharge should be calculated and frozen upward on that price. If the base price goes up, it should not be added to the salable price or the retail price Sir. It is the least convenience one can pass to the

people of Pakistan. I think they deserve it.

اگر اپنی incompetence سے وہ بائیس ارب روپے کا نقصان کر رہے ہیں ساڑھے پانچ ارب ڈالر کا مارکیٹ سے خرید کے اگر اپنی incompetence سے پاکستان state enterprises کے اٹھائیس بلین اس ملک نے اس سال میں نقصان کرنا ہے اور پچاس ارب کے additional losses ہونے ہیں this is not the way کہ ہم عراق کی جنگ کو بھی عوام کے اوپر ایک بوجھ ڈالنے کے لئے استعمال کریں۔ جناب میری گزارش یہ ہے کہ

government should come out very clearly. No. 1 they should condemn this aggression. they should show solidarity with the people of Iraq under the circumstances, the war has its own victims, its own fall out, I think there should be the requisite humanitarian assistance which is needed, I think the government should be planning that humanitarian assistance for people of Iraq. Sir, they should also I think try to ensure they are the members. and they are now the temporary member of the United Nations Security Council. I think we should be voicing our concern. It is a matter of the territorial integrity of Iraq. If it is Iraq, it could be any other country tomorrow and we have seen on the independent televisions, some various poles are being carried out and unfortunately. our country has been rated waiting as the next one. I hope it's not true. so I would suggest that suggest that the government should take concrete measures otherwise. if we do not do it. Sir. I can assure you that time and history and the people of Pakistan are not going to condone us so

آپ نے دیکھا کہ ایک طرف بصرہ میں ابھی جو حال ہو رہا ہے اور جو اس کا محاصرہ کیا گیا اور پانی وہاں نہیں ملا کئی دن۔ تین چار دن۔ تو Blair سے کل کسی نے ان کے اپنے لوگوں نے پوچھا کہ we understand کہ بصرہ کا محاصرہ ہو گیا۔ اور وہاں پانی نہیں ملتا۔ look at the callous

کہ وہ عادی answer of the prime minister of United Kingdom, he tell them

ہیں پانی کے بغیر رہنے کے۔

and while he was saying this, he took sips of water three times. Look at the callous attitude. They are just not willing to cooperate with the international sentiments. They just want to bulldoze all institutions of the world. They have no regard for United Nations. So I think Sir, I have a limitation on time, and I am very much disciplined, I would Sir, strongly urge through yourself, through the government that they should plan a very comprehensive strategy to deal outside with the situation and to deal within The war can prolong and now the United States President himself is taking Tony Blair himself

وہ لوگ جو کہتے تھے کہ گھنٹوں کی مار ہے ابھی کہتے ہیں کہ

can prolong Sir if it prolongs beyond three to four weeks. I can assure you, the economic consequences can be very difficult, and very very bad for Pakistan. So we should sit together and as a sovereign House we should try to form a strategy and we will assist the government in this regard. So I would suggest Sir, that you kindly ensure that there is a resolution. We are prepared to give and take on wording, but there should a resolution, that must be adopted. If the Lower House failed, I think we should not be seen that much irresponsible that we are prorogued without adopting a resolution. Thank you Mr. Chairman.

Mr. Chairman: Thank you Mr. Dar. Mr. Raza Rabbani.

Mian Raza Rabbani: Thank you Sir, at the off set, I would like

to apologize, I believe my name was called and I was not in the House. I would like to apologize for that. Sir today, as the Senate of Pakistan meets, it is a very sombre and serious situation that the people of Iraq are facing. I would like to make it abundantly clear that the assertions that seem to be coming from certain western capitals that this is an extension to the war on terror, is totally incorrect because it is belied by the fact and it is belied by lack of evidence. Today, 8 to 9 days into the war, there is no tangible evidence that shows that this is an extension to the war on terror. Infact, today the Iraqi people, in my opinion, are fighting for the survival of their state's sovereignty. Today the Iraqi people are fighting for the preservation of their fundamental rights. Today the Iraqi people are struggling and fighting to defend themselves on the basis of the principle that might is not right. And today, I believe, the battle of the Iraqi people is indeed a battle for Iraqi nationalism and we, the people of Pakistan and, particularly, the Pakistan Peoples Party support the Iraqi people in this battle.

Sir, as the situation and the scenario begins to unfold, there are certain very serious apprehensions and certain very clear violations of internationally accepted norms of behaviour and principles and Pakistan as a sovereign country has to take note of them because this is an attempt to imbalance the already existing international order. And in that context the first question that comes to one's mind is the question of bypassing the United Nations thus committing aggression, going into an attack without the sanction of the United Nations. Sir, if the United Nations is

bypassed, then what are we moving towards? What are we moving towards is granting any country the right of pre-emptive attack without any justification, without taking the sanction of the United Nations. Is that permissible? Because if that is permissible then we would be entering into an area or into waters where there would be the law of the jungle where the principle that might is right prevails and this is something that we as a nation can not accept. Today the Iraqi people are being subjected to the biggest human catastrophe in this century. Today the manner in which targetted bombing is taking place, the manner in which civilians are being killed, the manner in which women and children are being made a target, is indeed a question or point on which we all need to ponder. It is a time sir, when all of us must take into consideration that what are the basis on which it is being alleged that this attack and this aggression against the Iraqi nation was necessitated As I said earlier that from 9/11 till today there has been no evidence, whatsoever, to link this with a war on terror. There has been, till today, no evidence because the second shield that is being taken, the second protective shield that is being sought is that there were weapons of mass destruction. Till today, there has been no concrete proof, even after the invasion that there were any weapons of mass destruction. They have not been able to come up with anything substantive to show the world that weapons of mass destruction were there.

The third shield that is being taken, the third plea that is being taken is that we are moving into restore a democratic order. But the people

who are talking about restoring a democratic order, what has their history been? What does history tell us? What has their tradition been? Their tradition has always been that a democratic order, fundamental human rights of the peoples of the third world have always been sacrificed at the altar of their national interests and national security. If it suits them at one stage to support military dictators, that support is always forthcoming. And we in Pakistan are perhaps the greatest victims of this. It was for ten long years, during the period of General Zia-ul-Haq, that the people of Pakistan were denied their right to a democratic dispensation under the Constitution of Pakistan but because it suited the vested interests and the imperialist powers at that time to support the military dictatorship in Pakistan, they continued to do so.

